سوال

نکاح کے بارے

جواب

کیا میاں بیوی خود نکاح کر سکتے ہیں السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا میاں بیوی خود نکاح کر سکتے ہیں۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! پہلی بات تو یہ ہے کہ نکاح سے پہلے وہ میاں بیوی ہے ہی نہیں ہیں۔ لہذا سوال یہ ہونا چاہیئے کہ کیا لڑکی لڑکا اپنا نکاح خود کر سکتے ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ لڑکی لڑکا اکیلے اپنا نکاح نہیں کر سکتے اور اس وقت تک نکاح منعقد نہیں ہوتا ہے جب تک اس میں درج ذیل شرائط نہ پائی جائیں۔ 1۔ ولی 2۔ دو عادل گواہ 3۔ حق مہر اور اعلانیہ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی